Jubilee
FAMILY TAKAFUL



# جوبلی خاص پلان

## ابسیلیوٹ کلاس

HBL Prestige

جوبلی لائف انشورنس کمپنی لمیٹڈ۔ونڈو تکافل آپریشنز

جب آپ زندگی کی کشتی پر سوار ہوتے ہیں اور ایک مضبوط لہر آپ کو ٹکراتی ہے تو ، تنہا محسوس نہ کریں کیونکہ ہم آپ کی زندگی کے ہر مشکل حالات میں آپ کی مدد کرنے کے لئے موجود ہیں۔جوبلی لائف انشورنس - ونڈو تکافل آپریشن اپنے ڈسٹری بیوشن پارٹنر ایچ بی ایل کے ساتھ آپ کی فلاح و بہبود کے لیے کام کر رہی ہے اور اس سے قبل اپنے پارٹسپنٹ کو بہترین کوریج دینے کے لئے بہت ساری پراڈکٹس متعارف کرائیں ہیں۔

"جوبلی خاص پلان' شریعہ کمپلائنٹ انویسٹمنٹ اسٹریٹیجیز کی چھتری میں آپ کو زیادہ سے زیادہ منافع کے ساتھ ایک بہتر ، محفوظ اور روشن مستقبل دینے کی طرف ایک اور قدم ہے۔ے۔

## اہم فوائد

- اپنی کنٹربیوشن میں اضافہ کرکے افراط زر سے نمٹنے کا ایک آپشن۔
- اپنے تحفظ کو بڑھانے کے لیے اضافی اختیاری فوائد میں سے کسی کو منتخب کریں۔
- اپنے فنڈز کی جمع شدہ کیش ویلیو کو جزوی یا مکمل طور پر واپس لینے کی سہولت۔
- اپنی سرمایہ کاری کو اضافی بچت کے ساتھ ،جو آپ کے پاس ہے،بڑھائیں
- **پارٹسپنٹ ممبرشپ دستاویزات کی وصولی سے 14 دن کے اندر ممبرشپ منسوخ کر سکتا ہے۔**

## تکافل کیا ہے؟

"تکافل" ایک عربی لفظ ہے جس کا مطلب ہے "مشترکہ ضمانت" یہ برادری کو چلانے کا نظام ہے ، جو بھائی چارے اور باہمی تعاون کے اصولوں پر مبنی ہے ، جہاں پارٹسپنٹس مشترکہ فنڈ میں کنٹریبیوٹ کرتے ہیں جس سے ان ممبرز کی مدد کی جاتی ہے جنہیں اس کی ضرورت ہوتی ہے۔

## نظام ان اصولوں پر چلتا ہے

1 پارٹسپنٹ "تبراء" کی بنیاد پر وقف فنڈ میں "کنٹریبیوشن " نامی ایک چھوٹی سی رقم جمع کرتے ہیں تاکہ مخصوص خطرات سے اپنے آپ کو اور ایک دوسرے کو بچائیں

2 ونڈو تکافل آپریٹر بحثیت "وکیل "کہ تندہی اور دانشمندی سے وقف فنڈ جسے انڈیوجوئل فیملی تکافل پارٹسپنٹ فنڈ (آئی ایف ٹی پی ایف) کہا جاتا ہے کانظام و نسق چلاتا ہے۔

3 کلیمز آئی ایف ٹی پی ایف سے ادا کیے جاتے ہیں۔

4 منافع (سرپلس) ، اگر کوئی ہے ، شریعہ ایڈوائزر اور ونڈو تکافل آپریٹر کے آپوئنٹڈایکچوری کے مشورے سے پارٹسپنٹس کے درمیان تقسیم کیا جا سکتا ہے۔

## فیملی تکافل پلان کیا ہے؟

فیملی تکافل پلان ایک ایسا انتظام ہے جو باہمی تعاون ، یکجہتی اور برادری کی فلاح و بہبود کے کلیدی شرعی اصولوں پر منحصر ہے۔

تکافل انتظام کے تحت ، افراد اکٹھے ہوکر باہمی مدد کی بنیاد پر خطرہ بانٹ کر مالی نقصانات سے ایک دوسرے کو بچانے کے مشترکہ مقصد کی طرف کنٹربیوشن کرتے ہیں۔

## نمایاں خصوصیات

- **اہلیت**
اگر آپ کی عمر 18 سے 70 سال ہے تو آپ جوبلی خاص پلان حاصل کرنے کے اہل ہیں۔

- **مدت**
دستیاب ٹرم رینج 10 سے 25 سال ہے ، جو میچورٹی کے وقت زیادہ سے زیادہ 80 سال کی عمر سے مشروط ہے۔

- **کم سے کم کنٹریبیوشن**
اس منصوبے کے تحت کم از کم کنٹریبیوشن کی رقم 1,250,000روپے سالانہ ہے۔

- **ادائیگی کا طریقہ**
سالانہ اور نیم ششماہی

## پراڈکٹ کے بینیفٹس

- **موت کا فائدہ(ڈیتھ بینیفٹ)**
اگر ممبرشپ کی مدت کے دوران لائف کور کی موت ہو جاتی ہے تو ، نامزد شخص کو سم کورڈ یا جمع شدہ کیش ویلیو ،جو بھی زیادہ ہو ،ملے گی ۔اس منصوبے کے تحت پیش کردہ کور ملٹیپلز کی حد 5 - 25 ہے ، لہذا ، آپ کا سم کورڈ آپ کے سالانہ بنیادی کنٹریبیوشن کے 5 سے 25 گنا ہوسکتی ہے جو کہ انڈررائٹنگ کے فیصلے پر منحصر ہے۔

مثال کے طور پر ، اگر آپ کی سالانہ بنیادی کنٹریبیوشن 1,250,000روپے ہے اور آپ نےکور ملٹیپل 10 کا انتخاب کیا ہے تو ، آپ کاسم کورڈ 1,250,000 x 10 = 12,500,000 روپے ہے۔

*پالیسی ہولڈر کو دستیاب کور ملٹیپل کی رینج لائف ایشورڈ کی انٹری ایج اور انڈر رائٹنگ کے فیصلے کے مطابق مختلف ہو سکتی ہے۔

- **میچورٹی بینیفٹ**
آپ ممبرشپ کی میچورٹی کے وقت پارٹسپنٹ سرمایہ کاری اکاؤنٹ (پی آئی اے )میں جمع رقم وصول کریں گے۔
مزید معلومات کے لیے ، آپ ہمارے تکافل کنسلٹنٹ سے مشورہ کر سکتے ہیں۔۔

## اختیاری فوائد

جوبلی خاص پلانآپ کو آپ کی ضروریات کی بنیاد پر مندرجہ ذیل اختیاری فوائد میں سے کسی ایک کو منتخب کرنے کا اختیار بھی دیتا ہے۔

- **ایکسیڈنٹل ڈیتھ سپلیمینٹری تکافل بینیفٹ**
حادثاتی موت کی صورت میں آپ کے منتخب کردہ بینیفیشریز کو بیسک ڈیتھ بینیفٹ کے علاوہ اضافی رقم ادا کی جائے گی۔

- **ایکسیڈنٹل ڈیتھ اور ڈسیمبرمنٹ سپلیمینٹری تکافل بینیفٹ**
کنبہ کے کفیل کی حادثاتی طور پر معذوری یا موت گھریلو آمدنی میں تیزی سے اور اچانک کمی کر سکتی ہے اور کنبہ کے گزر بسر کرنے میں مشکلات پیدا کر سکتی ہے۔ حادثاتی موت یا معذوری کی صورت میں یہ بینیفٹ اضافی تحفظ فراہم کرتا ہے اور آپ کی فیملی کو ان حالات میں اضافی رقم دی جاتی ہے۔

• **جوبلی میڈی پال سپلیمینٹری تکافل بینیفٹ**

حادثہ یا علالت کے باعث ہسپتال میں داخلے کی صورت میں یہ بینیفٹ لائف کورڈ کو 250,000روپے سالانہ تک کی ان پیشنٹ کی لیمیٹ فراہم کرتا ہے۔مزیدبرآں کے لائف کورڈاپنی زوج کے لیے بھی میڈی پال کا انتخاب کرسکتا ہے۔ممبر کو بغیر کسی ادائیگی کے منظور شدہ ہسپتال میں پرائیوٹ روم اور اعلٰی طبّی سروسز ملیں گی۔

مزید تفصیلات کے لئے ، براہ کرم جوبلی میڈی پال کے فلائر کو ملاحظہ کریں۔

## کنٹریبیوشن کی ادائیگی۔

کم از کم کنٹریبیوشن کی ادائیگی جو کہ کی جا سکتی ہے اس کی تفصیل ذیل میں دی گئی ہے:

| تعداد/دورانیہ | کم سے کم رقم |
|---|---|
| سالانہ | 1,250,000 روپے |
| ششماہی | 625,000 روپے |

| پالیسی سال | الاٹمنٹ فیصد |
|---|---|
| 1سال | 75 فیصد |
| 2سال | 95 فیصد |
| 3سال اور اس کے بعد | 100 فیصد |

اس کے علاوہ ، آپ کے پارٹسپنٹ انویسٹمنٹ اکاؤنٹ میں بونس ایلوکیشن ذیل کے مطابق ہوگا:

| پالیسی سال | بونس ایلوکیشن |
|---|---|
| 5سال | 3 فیصد |
| 7سال | 7 فیصد |
| 10سال | 15 فیصد |
| 15سال | 20 فیصد |
| 20سال | 25 فیصد |
| 25 سال | 30 فیصد |

* بونس ایلوکیشن شرائط و ضوابط سے مشروط ہے۔
ٹوپ اپ کنٹریبیوشن 100%

## شریعت کمپلائنٹ فنڈز

شریعہ کمپلائنٹ فنڈزایسی سرمایہ کاری پر مشتمل ہے جو کہ شریعہ کمپلائنٹ انسٹرومنٹس میں کی جاتی ہے۔مثلاًاسلامک ایکوئٹیز، سکک، اسلامک ٹرم سرٹیفیکٹس ،اسلامک میچوئل فنڈز،اسلامک بینکنگ انسٹیٹوشنز وغیرہ وغیرہ۔ان فنڈز میں ربا، قمر،اور غرر کا عنصر شامل نہیں ہے۔

## ہمارا شریعہ مشیر

ونڈو تکافل آپریشنز کے تمام بزنس آپریشنز اور پراڈکٹس کی ایک آزاد شریعہ ایڈوائزر منظوری دیتاہے اور نگرانی کرتا ہےجو کہ ایک نامور اور مشہورشریعہ اسکالر ہے۔ان ہاؤس شریعہ کمپلائنس ڈیپارٹمنٹ مختلف آپریشنل اور سرمایہ کاری سے متعلق امور سے متعلق جاری کردہ شریعت کے احکام اور رہنما خطوط پر عمل درآمد کی نگرانی کرتا ہے۔

ایک ایکسٹرنل شریعہ آڈٹ ونڈو تکافل آپریٹر کے شریعہ کمپلائنس کی مزید تصدیق کرتا ہے۔

**جوبلی فیملی تکافل جوبلی خاص پلان میں دیئے گئے میرے کنٹریبیوشنز کو کیسے منیج کرے گا؟**

اس پلان کے پارٹسپینٹ کی جانب سے کی جانے والی کسی بھی کنٹریبیوشن کو مندرجہ ذیل شرعی کمپلینٹ فنڈز میں سے ایک یا دونوں میں لگایا جائے گا۔

| | |
|---|---|
| فیملی تکافل انکم فنڈ | فیملی تکافل بیلنسڈ فنڈ سرمایہ کاری پر مسابقتی منافع فراہم کرنے پر مرکوز ہے جس میں متوازن پورٹ فولیو کے ساتھ شریعہ کمپلائنٹ انسٹرومنٹس ہیں۔ |
| فیملی تکافل بیلنسڈ فنڈ | فیملی تکافل انکم فنڈ درمیانی سے طویل مدتی شریعہ کمپلائنٹ انسٹرومنٹس میں سرمایہ کاری کرکے کم سے کم رسک کے ساتھ پائیدار منافع فراہم کرنے پرتوجہ مرکوز کرتا ہے۔ |

آپ کی کنٹری بیوشنز ، بطور ڈیفالٹ ، جوبلی لائف ونڈو تکافل آپریشنز کے فیملی تکافل انکم فنڈ میں مختص کیے جائیں گے جوکہ مختلف شریعہ کمپلائنٹ سیکورٹیز کے متنوع پورٹ فولیو میں سرمایہ کاری کرکے کم سے کم رسک کے ساتھ پائیدار منافع فراہم کرتا ہے۔یہ فنڈ ایکویٹی سیکیورٹیز میں سرمایہ کاری نہیں کرتا ہے۔

تاہم ، آپ کے پاس ڈیکلریشن فارم پر دستخط کرکے ڈیفالٹ انویسٹمنٹ فنڈ کے علاوہ اپنی پسند کے کسی بھی فنڈ میں سرمایہ کاری کرنے کا اختیار ہے۔

یہ فنڈز ماہر انویسٹمنٹ منیجرز شریعہ ایڈوائزر کی رہنمائی میں چلاتے ہیں اس بات کو یقینی بناتے ہوئے کہ شریعہ کمپلائنس کے تحت قابل انتظام رسک ایکسپوزر کے ساتھ بہترین منافع دے سکیں ۔

آپ کی کنٹری بیوشنز پلان کی مدت کے دوران منافع حاصل کریں گے۔منتخب کردہ ٹرم کے اختتام پر آپ کو جمع شدہ کیش ویلیو یکمشت ملے گی۔

**نوٹ:** ان فنڈز کی ماضی کی کارکردگی ان فنڈز کے مستقبل کی کارکردگی کی ضمانت نہیں ہے۔

جوبلی لائف فیملی تکافل فنڈز کی یونٹ کی قیمتیں معروف اخبارات میں باقاعدگی سے شائع ہوتی ہیں اور جوبلی لائف فیملی تکافل ویب سائٹ www.jubileefamilytakaful.com پر بھی اپلوڈ ہوتی ہیں۔

**افراط زر**

افراط زر سے نمٹنے کے لیے آپ کے پاس اپنی ممبرشپ میں انڈیکیسشن کا آپشن ہے۔ اس آپشن کا انتخاب آپ کی کنٹریبیوشن کی رقم کو ہر سال خود بخود بڑھا دے گا اس کیمیٹکے مطابق جسے ونڈو تکافل آپریٹر نے مقرر کیا ہو گا۔ تاہم اگر آپ چاہیں تو انڈیکیسشن کو منسوخ کر سکتے ہیں ۔

## ٹاپ اپ کنٹریبیوشن

آپ کے پاس کسی بھی مرحلے پر اضافی فنڈز دستیاب ہوسکتے ہیں۔آپ ٹاپ اپ کنٹریبیوشن کی ادائیگی کرکے اس منصوبے کے تحت اپنی باقاعدہ سرمایہ کاری کو بڑھا سکتے ہیں۔ ان کنٹریبیوشنز کو اس وقت کی آفر پرائس پر پارٹسپنٹ سرمایہ کاری اکاؤنٹ میں لگایا جائے گا۔

## جب مجھے ضرورت ہو تو میں اس پلان سے فنڈز واپس لے سکتا ہوں؟

ہاں ، جوبلی خاص پلان کے ساتھ آپ کو جزوی یا مکمل طور پر اپنے فنڈ (فنڈز) کی کیش ویلیو واپس لینے کی سہولت حاصل ہے۔

- **جزوی سرینڈر** - اگر آپ کو کچھ ہنگامی ضروریات کو پورا کرنے کے لئے اپنی کیش ویلیو واپس لینے کی ضرورت ہےلیکن پالیسی کو سرینڈر نہیں کرنا چاہتے ہیںآپ کچھ رقم واپس لے سکتے ہیں۔ بشرطیکہ جزوی سرینڈر کے بعد آپ کے یونٹ اکاؤنٹ میں بقایا کیش ویلیو 250,000* روپے سے کم نہ ہو۔جزوی دستبرداری کے باوجود آپ کو تکافل کو رملتا رہے گا اگر چہ کہ آپ کا سم کورڈ ، زربیمہ کے توازن کو قائم رکھنے کے لیے ، جزوی طور پر نکا لی گئی رقم کے مطابق کم کردیا جائے گا۔

*جزوی دستبرداری کے بعد بقایا رقم کی لیمیٹ تبدیلی سے مشروط ہے اور جوبلی لائف ونڈو تکافل آپریٹنز اس میں ترمیم کر سکتی ہے۔

- **مکمل پالیسی سرینڈر** - آپ کے پاس کسی بھی وقت اپنی ممبرشپ سرینڈر کرنے کا اختیار ہے۔ سرینڈر کے وقت ، آپ کو اپنے فنڈ کی کیش ویلیو پوری طرح ادا کردی جائے گی۔تاہم ، ابتدائی ممبرشپ سالوں میں سرینڈر کے نتیجے میں کیش ویلیو کم ہوسکتی ہے۔

## سرپلس شیئرنگ

جوبلی خاص پلان نہ صرف رسک کا اشتراک فراہم کرتا ہے ، بلکہ سرپلس شیئرنگ بھی پیش کرتا ہے ، جو پارٹیسپنٹ کو فراہم کی جانے والی ایک انوکھی خصوصیت ہے۔ تبراءکے طور پر ایک رقم (عطیہ) دے کر ، حصہ لینے والا وقف فنڈ سے ممکنہ سرپلس شیئرنگ کا حقدار ہو سکتا ہے۔ اگر مقررہ مدت کے اختتام پر ، دعوں اور دیگر اخراجات کی ادائیگی کے بعد کوئی اضافی رقم باقی رہ جاتی ہے ، تو اسے مندرجہ ذیل مقاصد کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

1. فنڈ کا ایک حصہ وقف فنڈ کو مضبوط کرنے کے لیے مختص کیا جائے گا تاکہ مستقبل کے ضرورت سے زیادہ دعوں کی ادائیگی کی جا سکے۔

2. بقیہ سرپلس پارٹسپنٹ کے درمیان منصفانہ اور مساوی بنیادوں پر تقسیم کیا جا سکتا ہے۔

کسی بھی صورت میں ، اضافی رقم جوبلی لائف ونڈو تکافل آپریٹر سے تعلق نہیں رکھتی اور اسے ہمیشہ پول اور/یا بڑے پیمانے پر عوام کے فائدے کے لیے استعمال کیا جائے گا۔

## جوبلی خاص پلان پر کیا فیس لاگو ہوتی ہے؟

مندرجہ بالا منصوبے پر درج ذیل چارجز لاگو ہوں گی۔

| وکالتہ الاستثمار *(درج ذیل پر مشتمل ہے) | |
|---|---|
| ابتدائی چارج | 5%بڈآفر سپیریڈ |
| ایلوکیشن فیس | ریگولر بیسک کنٹریبیوشن کی رقم جو پی آئی اے کو مختص نہیں کی جاتی ہے |
| مینجمنٹ فیس | پی آئی اے میں خالص اثاثہ کی قیمت کا 1.5 فیصد |
| ایڈمنسٹریشن فیس * | 245 روپے فی مہینہ |
| تکافل کنٹریبیوشن | پارٹسپنٹ انویسٹمنٹ اکاؤنٹ سے تکافل کنٹریبیوشن کی اُس رقم کی کٹوتی کی جائے گی جس کی بابت ایس ای سی پی میں فائلنگ کی گئی ہے اور اِسے آئی ایف ٹی پی ایف میں جمع کرایا جائے گا تاکہ آئی ایف ٹی پی ایف سے کورڈ بینیفٹ کی ادائیگی کی جا سکے۔<br>پارٹسپنٹ کی ممبرشپ دستاویز کے تحت حاصل کردہ فوائد کے لئے ہر تکافل کنٹریبیوشن کا 40 %<br>منی تکافل بینیفٹ دستاویزات کے تحت شامل ہر فائدہ مند کنٹریبیوشن کا 40% |
| آئی ایف ٹی پی ایف کی طرف سے وکالہ فیس*<br>( پی ٹی ایف ) | IFTPF سے وکالہ فیس کے طور پر کٹوتی ہے۔ |
| سوئچنگ فیس | ایک ممبرشپ سال کے دوران اگر4 مرتبہ سے زائد فنڈ سوئچنگ کی صورت میں 500 روپے فی فنڈ سوئچ ۔ |
| مضارب شیئر*:<br>سرمایہ کاری کی آمدنی | ونڈو تکافل آپریٹر (مضارب ) مضاربہ کی بنیاد پر آئی ایف ٹی پی ایف (رب المال) پر حاصل کردہ منافع کے 40%کا حقدار ہوگا۔ |

* ونڈو تکافل آپریٹر کو ان تمام چارجز کا جائزہ لینے اور ان میں ترمیم کرنے کا حق حاصل ہے۔

## نظرثانی کی مدت

جوبلی خاص پلان 14 دن کی نظرثانی کی مدت پیش کش کرتا ہے جس کے دوران آپ شرائط و ضوابط کا جائزہ لے سکتے ہیں اور اگر ضرورت ہو تو ممبرشپ منسوخ کرسکتے ہیں۔اگر ممبرشپ کے دستاویزات کی وصولی سے 14 دن کے اندر منسوخی کی تحریری درخواست موصول ہوجائے تو کنٹریبیوشن واپس کردیا جائے گا۔

میڈیکل یا مالی معائنے پر ہونے والے اخراجات ، اگر کوئی ہو تو ، اور ممبر کی طرف سے آئی ایف ٹی پی ایف میں ادا کی جانے والی کسی بھی تکافل کنٹریبیوشن میں کٹوتی کی جاسکتی ہے۔

## اعلانات

- اس پروڈکٹ کو جوبلی لائف ونڈو تکافل آپریشنز نے انڈر رائیٹ کیا ہے۔ یہ نہ ایچ بی ایل کی پراڈکٹ ہے اور نہ ہی ایچ بی ایل یا اس کا کوئی منسلکہ ادارہ اس کی ضمانت دیتا ہے۔
- جوبلی لائف ونڈو تکافل آپریشن فنڈز کی ماضی کی کارکردگی مستقبل کی کارکردگی کی ضمانت نہیں ہے۔ کوئی بھی پیش گوئی ضروری نہیں کہ فنڈز کی مستقبل یا ممکنہ کارکردگی کی نشاندہی کرے ، اور نہ ہی ونڈو تکافل آپریٹر اور نہ ہی ایچ بی ایل اس کے لیے کوئی ذمہ داری اٹھائے گا۔
- تکافل کنسلٹنٹ آپ کو تکافل بینیفٹس کی ایک پرسنلائزڈ السٹریشن فراہم کرے گا۔ براہ کرم مختلف شرائط و ضوابط کی تفصیلی تفہیم کے لیے السٹریشن میں دیئے گئے نوٹ کو ملاحظہ کریں۔
- مختلف شرائط و ضوابط کی تفصیلی تفہیم کے لیے براہ کرم پارٹسپنٹ ممبرشپ دستاویز (پی ایم ڈی) سے رجوع کریں۔
- اگر لائف کورڈ کی عمر، ممبرشپ کے اجراء کے وقت قریب ترین سالگرہ پر، 55سال یا اس سے کم ہے تو سپلمینٹری تکافل بینیفٹس (ماسوائے میڈی پال )لیے جا سکتے ہیں۔
- ایچ بی ایل جوبلی لائف ونڈو تکافل آپریشنز کی جانب سے ڈسٹری بیوٹر کے طور پر کام کر رہا ہے اور کسی بھی طرح سے کسی بھی فرد کے سامنے بشمول لائف کورڈ ،بینیفیشریز یا کسی بھی تیسرے فریق کے سامنے جوابدہ اور ذمہ دار نہیں ہے۔
- جوبلی لائف ونڈو تکافل آپریشنز IFTPF کی جانب سے اس تکافل کور کا انڈر رائٹر اور فراہم کنندہ ہے اور وہ ممبرشپ سروسنگ اور کورڈ کسٹمر ز اور بینیفیشریز کے دعوؤں کو پروسیس کرنے اور تصفیہ کرنے کا ذمہ دار ہے۔
- پارٹسپنٹ انویسمنٹ رسک کو برداشت کرے گااور اصل میچورٹی یا سرینڈر ویلیو دکھائی گئ ویلیوز سے کم یا زیادہ ہو سکتی ہے۔اگر پا رٹسپنٹ ڈیفالٹ فنڈ کے علاوہ کسی اور فنڈ میں سرمایہ کاری کرنے کا انتخاب کرتا ہے تو اسے حلف نامہ (ڈیکلریشن )پر دستخط کرنا ہوں گے۔
- براہ کرم جوبلی لائف فیملی تکافل ویب سائٹ سے رجوع کریں
https://jubileefamilytakaful.com/jubilee-family-takaful-funds/fund-manager-reports/
بنیادی فنڈ کے ہدف اثاثہ مکس کے لیے۔

## رابطے کے لئے تفصیلات:

**جوبلی لائف انشورنس کمپنی لمیٹڈ**

ونڈو تکافل آپریشنز

74/A-1،لالہ زار،مولوی تمیزالدین خان روڈ،کراچی،74000،پاکستان۔

فون نمبر: (021) 32120201, 35205094

فیکس نمبر: (021) 35610959

یواےاین: (021) 111-111-554

ایس ایم ایس: اپنا سوال لکھ کر 8554 پرارسال کریں

ای میل: info@jubileelife.com، complaints@jubileelife.com

ویب سائٹ: www.jubileefamilytakaful.com

**حبیب بینک لمیٹڈ**

یواےاین: 111-111-425

ویب سائٹ: www.hbl.com

# جوبلی فیملی تکافل۔جوبلی خاص پلان کی شرعی حیثیت

جوبلی لائف انشورنس کمپنی لمیٹڈ۔ ونڈو تکافل آپریشنز کے شرعی مشیر کی حیثیت سے، میں اس بات کی تصدیق کرتا ہوں کہ جوبلی فیملی تکافل کا **جوبلی خاص پلان** وقف اور وکالت کے اصولوں پر مبنی ہے۔ میں نے اس سے متعلقہ تمام امور جس میں دستاویزی کاغذات بشمول ممبرشپ دستاویز کا بغور جائزہ لیا ہے مزید یہ کہ فیملی تکافل کی سرمایہ کاری اور اس سے متعلقہ تمام فنڈز کا جائزہ لیا ہے اور بحمداللہ ان تمام امور کو شریعت کے اصولوں کے مطابق پایا ہے۔

میری رائے میں جوبلی لائف انشورنس کمپنی لمیٹڈ۔ ونڈو تکافل آپریشنز کے جوبلی فیملی تکافل کے **جوبلی خاص پلان** کی رکنیت لینا، وقف فنڈ میں تعاون کرنا اور اس سے فائدہ حاصل کرنا شرعاً جائز ہے۔

مفتی ذیشان عبدالعزیز
شرعی مشیر